# MODEL QUESTION PAPER - URDU 2025-26

## STD 9

TIME : 1 1/2 Hrs.

SCORE : 40

---

1 سے 4 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔

1. اردو کا مشہور نعرہ 'انقلاب زندہ باد' کس کا ہے؟ 1

(چندر شیکھر آزاد حسرت موہانی جواہر لال نہرو مولانا ابوالکلام آزاد)

2. ''میں ایک ایسے دن کا خواب دیکھتا ہوں جب غلاموں اور مالکوں کے بچے بھائی بھائی بن کر ایک ہی میز پر بیٹھ سکیں"۔

یہ کس کا خواب ہے؟ 1

(اقبال گاندھی جی مدر تریسا مارٹن لوتھر کنگ)

3. مکالمہ غور سے پڑھیے اور مناسب کرداروں کے نام جوڑ کر لکھیے۔ 2

(فریادی عورت نور جہاں نوجوان عورت لیلا دیوی]

| | | |
|---|---|---|
| a | شریمتی رکمنی دیوی میری پہلی ماں، جو مجھے تیس سال پہلے اچانک چھوڑ گئی۔ | ................. |
| b | جہاں پناہ! میں سچ کہہ رہی ہوں۔ قاتل آپ کے محل کا ہی ہے۔ | ................. |

4. اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے غزل کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

| | |
|---|---|
| (a | جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے<br>جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی |
| (b | گیا دن ہوئی شام آئی ہے رات<br>خدا نے عجب شے بنائی ہے رات |
| (c | دیواروں سے مل کر رونا اچھا لگتا ہے<br>ہم بھی پاگل ہو جائیں گے ایسا لگتا ہے |

5 سے 12 تک کے سوالوں سے کسی 6 کے جواب مختصر لکھیے۔ 6x3=18

5. ڈراما 'انصاف' انصاف پر مبنی ایک ڈراما ہے۔ بادشاہ جہاں گیر اور فریادی عورت اس ڈرامے کا اہم کردار ہیں۔

بچّو، آپ کی رائے میں کیا بادشاہ جہاں گیر نے فریادی عورت کے ساتھ واقعی انصاف کیا؟ اپنی رائے اظہار کیجیے۔ 3

6. کسان اب چلا کھیت کو چھوڑ کر
کہ گھر میں کرے چین سے شب بسر

اس شعر میں شاعر محنت کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ زندگی گزارنے کے لیے محنت کرنا ضروری ہے۔

دیس کی ترقی میں محنتی لوگوں کا بڑا ہاتھ ہے۔

بچّو، محنت کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔ 3

7. غزل اردو شاعری کی اہم صنف ہے۔ غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ ہندوستانی سنگیت کی جان ہے۔

غزل جذبات، محبت، درد اور حسن کے احساسات کو بیان کرتے ہیں۔

بچّو، آپ کے خیال میں اردو شاعری میں غزل کیوں مقبول ہے؟ معلومات فراہم کیجیے۔ 3

8. آنند کہتا ہے: ''میں پیاس سے بے تاب ہو رہا ہوں، ذات پات سے مجھے کوئی مطلب نہیں۔ مجھے صرف پانی چاہیے''۔

بچّو، ذات پات ایک سماجی نابرابری ہے۔ آنند کے اس قول کی روشنی میں سماجی نابرابری آپ کیسے دور کر سکتے ہیں؟

وضاحت کیجیے۔ 3

9. عبارت غور سے پڑھیے اور تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

تقریری مقابلے میں اوّل انعام حاصل کر کے وہ اپنے ٹیچر کے ساتھ خوشی خوشی بس میں سوار ہو رہا تھا۔ کھڑکی کے پاس سیٹ پر بیٹھا وہ باہر کے نظارے دیکھ رہا تھا۔ بس جب اگلے اسٹاپ پر پہنچی تو دو گورے آدمی بس میں چڑھ گئے۔ دونوں گوروں کو سیٹ دینے کے لیے ڈرائیور نے ٹیچر اور بچے کو اٹھنے کا حکم دیا۔ مجبوراً ٹیچر تو سیٹ سے اٹھ گئی۔ لیکن پندرہ سال کا وہ لڑکا اٹھنے کے لیے تیار نہیں ہوا۔

(کون، کیا، کیسے، کیوں، کتنا، کب)

10. سیلاب ایک قدرتی آفت ہے۔ آج کل ریاستِ کیرلا میں بھی مختلف قدرتی آفات بڑھ رہی ہیں۔

بچّو، قدرتی آفات بڑھنے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اشاروں کی مدد سے اپنے خیالات لکھیے۔ 3


(اشارے: پیڑ کاٹنا، پہاڑ توڑنا، موسلا دھار بارش، جنگلوں کی کٹائی، پہاڑوں کی توڑنا)

11. مارٹن لوتھر کنگ سماجی برائیوں کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں۔ سماجی برائیوں کے خلاف لوگوں کو بیدار کرنا ہمارا فرض ہے۔

آپ کے گاؤں میں اس کے خلاف ایک بیداری کا پروگرام منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بچّو، اس پروگرام کے لیے اشاروں کی مدد سے تین پلا کارڈ تیار کیجیے۔ 3

(اشارے: سماجی برائیاں، نشے کا استعمال، رشوت خوری، جہیز)




12. جنگِ آزادی میں اردو کے کئی شاعر، ادیب اور صحافی نے حصّہ لیا ہے۔ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں

اردو زبان ایک اہم کردار ہے۔

بچّو، اس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر لکھیے۔ 3

**13 سے 17 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب تفصیل سے لکھیے۔** 4x4=16

13. آج کھانے پینے کے طور طریقے بدل گئے ہیں۔ غلط طرزِ زندگی کی وجہ سے مختلف بیماریاں بھی آتی ہیں۔

غلط طرزِ زندگی کیسے مختلف بیماریوں کا سبب بنتی ہے؟ اشاروں کی مدد سے تجزیہ کر کے لکھیے۔ 4

(اشارے: ورزش، ملاوٹی غذا، قدرتی غذا، نشہ سے دور)

14. ماحول کی صفائی ہماری ذمّہ داری ہے۔ اس موضوع پر آپ کے اسکول میں ایک سمینار ہونے والا ہے۔

سمینار کے لیے اشاروں کی مدد سے ایک پوسٹر مرکب کیجیے۔ 4

(اشارے: عنوان، وقت، مقام، مہمان، مقالہ کی پیش کش)

15. سفر ہمارے دل کو خوشی دیتے ہیں۔ سفر کے دوران نئے نئے تجربات حاصل کر سکتے ہیں۔

دوسروں کی رسم و رواج، ثقافت اور زبان کو سمجھنے کا موقع ملتے ہیں۔

بچّو، کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ 4

16. کورونا ایک خطرناک وبائی مرض ہے۔

بچّو، وبائی امراض سے بچنے کے لیے ہم کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ اپنی رائے ظہار کیجیے۔ 4

17. پھولوں میں دلکشی ہے، کانٹوں میں تازگی ہے

ہر دل میں اک خوشی ہے، ہر سمت روشنی ہے

اس شعر میں شاعر نے پھولوں اور کانٹوں دونوں کو دلکش انداز میں بیان کیا ہے۔

بچّو، آپ کے خیال میں شاعر ہمیں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ تشریح کیجیے۔ 4